اس کے بعد جب روس میں انقلاب ہوا اور سامراجی و سرمایہ داری کے کھنڈروں پر سوویٹ یونین کی عمارت کھڑی ہوئی تو یہاں کی قوموں کی الگ الگ خود مختار جمہوریتیں قائم کر کے جن کی مجموعی تعداد اب اسوقت سولہ ہے ان سب کو ایک وفاقی نظام سے وابستہ کر دیا گیا۔ سجاد صاحب نے بتایا ہے کہ یہ سولہ جمہوریتیں کون کون سی ہیں۔ ان کی آبادی کتنی اور علاقے کون کون سے ہیں۔ ان اقوام کے آئینی حقوق کیا ہیں؟ یہ اقوام اپنی اس نئی زندگی میں تمدن و تہذیب کے ہر شعبہ میں کس رفتار سے ترقی کر رہی ہیں۔ اور ان میں باہمی یگانگت۔ اتحاد اور یک جہتی کس حد تک پائی جاتی ہے۔

قرآن مجید پارہ الم مع ترجمہ و تفسیر و معانی الفاظ	مرتبہ شعبہ اشاعتِ قرآن ادارہ دارالاسلام۔ تقطیع کلاں۔ ضخامت ۹۶ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ متوسط قیمت ۱۰؍

پنجاب میں پٹھان کوٹ کے متصل کئی سال سے ایک ادارہ دارالاسلام کے نام سے قائم ہے جس کا مقصد قرآن کے مضامین و معانی کی سہل طریقہ پر زیادہ سے زیادہ اشاعت ہے اس غرض و غایت کے پیش نظر اس ادارہ کی جانب سے ایک ماہوار رسالہ "دارالاسلام" کے نام سے بھی شائع ہوتا ہے جس میں زیادہ تر قرآن کی تفسیر اور اس کے معانی و مطالب کی تشریح و توضیح سے متعلق ہی مقالات ہوتے ہیں۔ زیر تبصرہ پرچہ دارالاسلام کا خاص نمبر ہے جو تین مہینوں کے پرچوں کی یک جائی اشاعت پر مشتمل ہے۔ یہ خاص نمبر سورۂ فاتحہ اور پارۂ الم کی تفسیر و توضیح مطالب سے متعلق ہے۔

ترتیب کی صورت یہ ہے کہ ہر صفحہ پر دو کالم بنائے گئے ہیں پہلے کالم میں قرآن مجید کی آیات قرآن مجید کے عام نسخوں کی طرح عربی کے معروف رسم الخط میں لکھی گئی ہیں اور ان کے نیچے اردو ترجمہ لکھا گیا ہے۔ دوسرے کالم میں انھیں آیات کو اس طرح لکھا ہے کہ ایک ایک کلمہ الگ الگ نظر آتا ہے پھر اس کے نیچے ہر لفظ کا ترجمہ الگ الگ تحریر کیا گیا ہے۔ مقصد یہ ہے کہ جو لوگ عربی زبان سے واقف نہیں ہیں وہ بھی یہ معلوم کر سکیں کہ اس آیت میں کس لفظ کا ترجمہ کیا ہے؟ مثلاً